© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

جلد اول

مسلمان

امرتسر - بابت ماہ دسمبر ۱۹۰۸ء

اسلامی خبریں

آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس امرتسر میں ۲۷-۲۸-۲۹ تواریخ دسمبر کو ہوگی۔

پنجاب پراونشل مسلم لیگ نے ۲۲ نومبر کے جلسہ میں مندرجہ ذیل تجاویز کا آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے سالانہ اجلاس میں پیش کیا جانا منظور کیا ہے:- (۱) لڑکی کالج میں جو بلی وظائف کی توسیع کیجائے (۲) صیغہ تعلیم میں مسلمانوں کو کافی حصہ دیا جائے (۳) ٹکسٹ بک کمیٹی میں مسلمانوں کو کافی حصہ ملے۔ (۴) گورمکھی کو نامناسب اہمیت نہ دیجائے۔ (۵) ہندو مسلمان گریجویٹوں میں سے یونیورسٹی کے جو فیلو منتخب ہوں اُن کی تعداد مقرر کر دیجائے۔

شمس العلما مولانا شبلی نعمانی کا ترکیب بند مطبوعہ ندوہ کی جلسے میں بہت سے لوگوں نے ایک ایک روپیہ قیمت پر خرید کیا۔ نواب علی حسن خاں صاحب نے تیس روپیہ قیمت پر خریدا۔ راجہ نوشاد علی خانصاحب رئیس جہانگیر آباد۔ حافظ محمد حلیم صاحب رئیس کانپور، امام جامع مسجد دہلی اور بہت سے صاحبوں نے دارالعلوم کے بورڈنگ ہوس کے لئے ایک ایک کمرہ بنوا دینے کا وعدہ کیا۔ جن صاحبوں نے سالانہ رقموں کا وعدہ کیا۔ اُن کے نام معہ رقوم موعودہ کے حسب ذیل ہیں:-

نواب علی حسن خانصاحب ۲۰۰ روپیہ۔ محمد حسن صاحب مقیم ۱۰۰ روپیہ۔ کرنل عبدالمجید خان صاحب ۱۰۰ روپیہ۔ منشی احتشام علی صاحب ۱۲۰ روپیہ۔ خواجہ فرید الدین صاحب آنریری

محشر میٹ لکھنؤ ۵۰ روپیہ۔ مولوی برکت اللہ صاحب نائب ریاست بڑامپور ۵۰ روپیہ۔ مولوی حفیظ اللہ صاحب نائب تحصیلدار پروانچل

© rasailojaraid.com

فہرست کتب فروختنی

اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین۔ فتوے اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں۔ قیمت سالانہ عہ ۱۲ر

مسلمان

یہ ایک ماہواری رسالہ ہے جس میں خالص اسلامی مضامین اور مخالفین اسلام کے جوابات ہوتے ہیں۔ سالانہ قیمت عہ ۴

پتہ:- مینجر مسلمان امرتسر

مرقع قادیانی

مرزا صاحب قادیانی مدعی مسیحیت کی تردید میں یہ رسالہ ماہوار نرخ آب و تاب سے نکلتا ہے قیمت سالانہ عہ ۴

پتہ:- مینجر مرقع قادیانی امرتسر

چودھویں صدی کا مسیح

مرزا صاحب قادیانی کی سوانح عمری ابتدا ملازمت سے زمانہ مسیحیت تک کے واقعات مفصل بطرز ناول نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھے گئے ہیں صفحات ۵۱۴۔ قیمت مجلد عہ رعایتی ۸ر

الہامات مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب قادیانی کی پیشگوئیوں کی تردید بڑی شرح و بسط سے کیگئی ہے ایسی کہ باوجود تیسری بار چھپنے کے اور دو ہزار روپیہ جواب کے لئے انعام مقرر ہونے کی آجتک مرزا صاحب یا کسی مرزائی کو جواب دینے کی جرأت نہیں ہوئی۔ غرض یہ رسالہ قادیانی نبوت توڑنے کو کافی ہے قیمت عہ رعایتی ۳ر

مرقع قادیانی

جلد اول مکمل قیمت عہ رعایتی ۸ر